اسلامیات اختیاری

PR – X (A-I-B5) (24)

۱۔ ہر سوال کے سامنے چار دائرے دیئے گئے ہیں۔ صرف صحیح جواب والا دائرہ بھر دیں۔

۲۔ دائروں کو شیڈ (بھرنے) کے لیے نیلے یا کالے رنگ کا پن استعمال کریں۔

۳۔ جواب میں ایک سے زائد دائرے بھرنے سے جواب غلط تصور ہو گا۔

Time: 20 Min — **SECTION-A** — Marks: 15

۱۔ قُلْ هُوَ اللهُ أَحَدٌ ○ اَللهُ الصَّمَدُ ○ آیات کریمہ میں وضاحت کی گئی ہے۔

○ عقیدۂ ختم نبوت کی　○ عقیدۂ آخرت کی

● عقیدۂ توحید کی　○ عقیدۂ رسالت کی

۲۔ وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَتَ اللهِ لَا تُحْصُوْهَا آیت کریمہ میں اللہ تعالیٰ کی خصوصیت کا ذکر ہے۔

○ رحمانیت　○ معبودیت　○ خالقیت　● ربوبیت

۳۔ فَمَنْ شَهِدَ مِنْكُمُ الشَّهْرَ فَلْيَصُمْهُ آیت کریمہ میں اسلامی مہینہ کی طرف اشارہ ہے۔

○ محرم　○ رجب　● رمضان　○ شوال

۴۔ مصارفِ زکوٰۃ میں "الغارمین" کا مطلب ہے۔

○ قیدی　● مقروض　○ نومسلم　○ مسافر

۵۔ پہلی صدی ہجری میں سیرت النبی ﷺ پر کتاب لکھی۔

○ حضرت زید بن ثابتؓ نے　○ حضرت عروہ بن زبیرؓ نے

○ حضرت عبد اللہ بن عباسؓ نے　○ حضرت ابو ایوب انصاریؓ نے

۶۔ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ وَصَوَّرَكُمْ فَأَحْسَنَ صُوَرَكُمْ: آیت کریمہ میں آسمان اور زمین کے علاوہ ذکر ہے۔

● انسان کا　○ جنات کا　○ نباتات کا　○ فرشتوں کا

۷۔ حدیث کی دو کتابیں جنہیں "صحیحین" کہا جاتا ہے:

○ مسلم و نسائی　○ ابو داؤد و ترمذی　○ بخاری و ابن ماجہ　● بخاری و مسلم

۸۔ "خبر واحد" کی اقسام ہیں۔

○ دو　○ تین　○ چار　○ پانچ

۹۔ يَتَقَارَبُ الزَّمَانُ کا مطلب ہے۔

○ لڑائی بڑھ جائے گی　○ دین کا علم اٹھ جائے گا

○ دلوں میں بخیلی سما جائے گی　● وقت جلدی گزرے گا

۱۰۔ علم الکلام سے واقفیت رکھنے والے علماء کہلاتے ہیں۔

● متکلمین　○ معلمین　○ مفسرین　○ مبلغین

۱۱۔ طب کے موضوع پر مشہور کتاب "القانون" کے مصنف کا نام ہے۔

○ یعقوب الکندی　○ الفارابی　● بو علی سینا　○ امام غزالی

۱۲۔ لَا اِكْرَاهَ فِي الدِّيْنِ آیت کریمہ میں اسلامی تہذیب کی ایک اہم خوبی کا ذکر ہے۔

● رواداری　○ امانت داری　○ دیانت داری　○ وفاداری

۱۳۔ برصغیر کے مسلمانوں نے تحریک خلافت میں حصہ لے کر کس ملک سے محبت کا اظہار کیا تھا۔

○ مصر سے　○ ترکی سے　○ لیبیا سے　○ شام سے

۱۴۔ مرکب اضافی کی مثال ہے۔

○ أَزْوَاجٌ مُطَهَّرَةٌ　● رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ　○ قَلَمٌ وَاحِدٌ　○ أَرْبَعِيْنَ لَيْلَةً

۱۵۔ جملہ فعلیہ کی مثال ہے۔

● طَلَعَ الْقَمَرُ　○ اَلْوَلَدُ صَالِحٌ　○ اَلرِّجَالُ طِوَالٌ　○ اَلْاَقْلَامُ الْجَدِيْدَةُ

www.ilmkidunya.com